# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 23 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۳؍دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ سرکاری دفاتر اور محکموں کیلئے منتخب 71 ہزار سے زائد امیدواروں کو آج وزیرِ اعظم کے ہاتھوں تقرر ناموں کی تفویض۔

☆ ملک کے جنگلات اور درختوں کے سایے میں آنے والے رقبے میں ایک ہزار 445 مربع کلومیٹر اضافہ۔

☆ حلقوں میں اہم اسکیموں اور کاموں کا آغاز کرنے کا نو نامزد وزراء کا اپنے رائے دہندگان سے وعدہ۔

☆ بیڑ ضلع میں امن وامان کے مسائل حل کرنے کو فوقیت دی جائیگی: پولس سپرنٹنڈنٹ نونیت کانوت کا عندیہ۔

اور۔۔۔☆ 19 برس سے کم عمر کی لڑکیوں کے ایشیاء کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میں بنگلہ دیش کے خلاف بھارت کی فتح۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

سرکاری دفاتر اور محکموں کیلئے منتخب ہونے والے 71 ہزار سے زائد امیدواروں میں آج وزیرِ اعظم نریندر مودی ٹیلی کانفرنسنگ کے ذریعے تقرر نامے تفویض کریں گے۔ اس موقع پر وہ ان امیدواروں سے خطاب بھی کریں گے۔ سرکاری ذرائع نے بتایا ہے کہ یہ روزگار میلہ وزیرِ اعظم کے روزگار کے مواقع پیدا کرنے سے متعلق وعدے کی تکمیل کی سمت ایک قدم ہے اور نوجوانوں کو ملک کی ترقی میں شامل کرنے کے ساتھ ساتھ خود کفیل بنانے کی کوشش بھی ہے۔ یہ روزگار میلہ ملک بھر کے 45 مقامات پر منعقد ہوگا۔ مرکزی حکومت کی مختلف وزارتوں اور محکموں کیلئے آسامیاں پُر کی جارہی ہیں۔ ملک بھر سے منتخب کیے گئے نئے امیدوار وزارتِ داخلہ، محکمۂ ڈاک، اعلیٰ تعلیم کے شعبے، خاندانی بہبود اور صحت کی وزارت اور شعبۂ مالیات جیسی مختلف وزارتوں اور محکموں میں نامزد کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

ملک کے جنگلات اور سایہ دار درختوں کے رقبے میں ایک ہزار 445 مربع کلومیٹر اضافہ ہوا ہے۔ جنگلات کے سروے سے متعلق شعبے نے 2023 میں کیے گئے جنگلات کی صورتحال کے معائنے کی رپورٹ ماحولیات، جنگلات، اور تغیر موسمیات کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے جاری کی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ فی الحال مجموعی طور پر آٹھ لاکھ 27 ہزار 347 مربع کلومیٹر رقبہ جنگلات پر مشتمل ہے، جو ملک کے کُل زمینی رقبے کا 25 اعشاریہ ایک فیصد ہے۔ چھتیس گڑھ، اُڑیسہ، اُترپردیش اور راجستھان میں جنگلات میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ مدھیہ پردیش، اروناچل پردیش اور مہاراشٹر میں اب بھی بڑے جنگل برقرار ہیں۔ اس سے قبل کے جائزے کی بہ نسبت درختوں وغیرہ کی شکل میں کاربن کا ذخیرہ بھی آٹھ کروڑ 15 لاکھ ٹن بڑھا ہے اور اب وہ 728 کروڑ 55 لاکھ ٹن تک پہنچ چکا ہے۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس پارٹی کے سربراہ اجیت پوار نے کہا ہے کہ ریاستی اسمبلی انتخابات میں ہوئی شکست مہاوکاس آگھاڑی ہضم نہیں کر پارہی ہے اس لیے انھوں نے ای وی ایم پر سوالات اٹھائے ہیں۔ وہ کل بارامتی میں ان کے استقبال کیلئے منعقدہ ایک جلسے سے خطاب کررہے تھے۔اجیت پوار نے یاددلایا کہ لوک سبھا انتخابات کے نتائج پر مہایوتی نے سوالات نہیں اٹھائے تھے۔انھوں نے کہا ہے کہ بارامتی کی عوام نے ایک لاکھ سے زائد ووٹوں کے فرق سے انھیں فتح دلائی ہے اس لیے ذمہ داری مزید بڑھ گئی ہے۔انھوں نے بارامتی کی ترقی کے وعدے کا اعادہ بھی کیا۔

***** ***** *****

ناگپور میں اسمبلی کے سرمائی اجلاس کے اختتام کے بعد اپنے اپنے اضلاع میں پہنچنے والے نو نامزد وزراء نے اپنے انتخابی حلقوں میں اہم اسکیمیں اور کام پایۂ تکمیل تک پہنچانے کا تیقن رائے دہندگان کو دیا ہے۔ اورنگ آباد مغرب حلقے کے رُکنِ اسمبلی اور سماجی انصاف کے وزیر سنجئے شرساٹ نے کہا ہے کہ تمام فرقوں میں ہم آہنگی قائم رکھنے کیلئے وہ ہمیشہ کوشاں رہیں گے۔ وہ کل سمبھاجی نگر میں اخباری نمائندوں سے گفتگو کررہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ وہ بیڑ اور پربھنی کا دورہ کریں گے اور وہاں پیش آئے واقعات کا باریک بینی سے جائزہ لیکر حقیقی صورتحال کی رپورٹ وزیرِ اعلیٰ کوارسال کریں گے۔

دریں اثناء اورنگ آباد مشرقی اسمبلی حلقے کے رکنِ اسمبلی اور بہوجن وکاس‘ قابلِ تجدید توانائی اور ڈیری ڈیولپمنٹ کے وزیر اتل ساوے حلف برداری کے بعد پہلی بار چھترپتی سمبھاجی نگر پہنچے۔اس موقع پر پارٹی کی جانب سے ان کا زوردار استقبال کرتے ہوئے ایک جلوس نکالا گیا۔ جو شہر کے کرانتی چوک پر اختتام پذیر ہوا۔ وہاں ساوے کو مٹھائی میں تولا گیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

لاتور ضلع کے احمد پور کے رکنِ اسمبلی اور امدادِ باہمی کے وزیر بابا صاحب پاٹل کا کل احمد پور تعلقے کے سانگولی پھاٹے میں ضلع انتظامیہ کی جانب سے استقبال کیا گیا۔اس موقع پر پاٹل نے شہر میں نصب اہم قائدین کے مجسّموں پر گلہائے عقیدت پیش کیے۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ریاستی کابینہ میں امدادِ باہمی وزارت کی ذمہ داری نہایت اہم ہے اور اس کے ذریعے امدادِ باہمی تحریک کو تیز کرنے کی کوشش کریں گے۔

***** ***** *****

ناسک ضلع میں سنّر کے رکنِ اسمبلی اور وزیرِ زراعت مانک راؤ کوکاٹے کا کل ناسک میں شاندار استقبال کیا گیا۔اس موقع پر انھوں نے وعدہ کیا کہ پیاز سے متعلق ایک مستقل پالیسی وضع کرنے کی وہ کوشش کریں گے۔

مالیگاؤں مضافات کے رکنِ اسمبلی اور اسکولی تعلیم کے وزیر دادا بھوسے کا کل مالیگاؤں میں استقبال کیا گیا۔اس موقع پر انھوں نے کہا کہ غریب ترین طلبہ کو بہترین تعلیم دینا ہی اُن کا ہدف رہے گا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ بزرگ سماجی کارکن پدم بھوشن انّا ہزارے اور پدم شری پوپٹ راؤ پوار جیسی عظیم شخصیات کی موجودگی حوصلہ افزاء ہے۔کل اہلیانگر میں ایک خانگی پروگرام سے وہ خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر ہیورے بازار کے ساکنان نے پھڑنویس کو ایک سپاسنامہ دیکر ان کا استقبال کیا۔

***** ***** *****

آبی وسائل کے وزیر رادھا کرشن وکھے پاٹل نے کل اہلیا نگر میں انّا ہزارے سے ملاقات کر کے ان کا آشیرواد لیا۔ اس موقع پر وزیرِ موصوف نے کہا کہ آبی وسائل کا اہم قلمدان وزیرِ اعلیٰ نے ان کے سپرد کیا ہے اور انھیں کوکن میں ضائع ہونے والے پانی کو گوداوری کی وادی میں آبی قلّت والے علاقوں میں لانے کا خواب پورا کرنے کا موقع ملا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ کرشنا وادی کے پانی کے مسئلے سے متعلق بھی قطعی پالیسی وضع کرنا ضروری ہے۔ زیرِ آبپاشی نہ آنے والے رقبے میں اضافے' زراعت کیلئے پانی کے روز افزوں مسائل' پانی کا ضیاع اور آبرسانی نظام میں اصلاحات پر اب وہ توجہ دیں گے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع میں نو تقرر شدہ سپرنٹنڈنٹ آف پولس نونیت کانوت نے کہا ہے کہ ضلع میں امن و انتظام کے مسائل حل کرنا اُن کی ترجیح ہوگی۔ کل بیڑ میں اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ مسّا جوگ میں قتل کا مقدمہ درج کیا جا چکا ہے اور اس ضمن میں تحقیقات اور بقیہ کام وہ مکمل کریں گے۔ انھوں نے عوام سے اپیل کی کہ پولس کو ہر قسم کی جانچ میں کامیاب کرنے اور ضلع میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے تعاون کریں۔

***** ***** *****

اہلیا نگر ضلع کے نیواسہ تعلقے میں تروڑی کے مقام پر ستیہ شودھک مکندراؤ پاٹل کے 139 ویں یومِ پیدائش کے حوالے سے ریاستی سطح کے صحافتی و ادبی ایوارڈ کل تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر پونا کے صحافی رادھے شام جادھو کو ریاستی سطح کا صحافتی ایوارڈ دیا گیا۔

***** ***** *****

19 برس سے کم عمر کی لڑکیوں کی ایشیاء کپ ٹی ٹوئنٹی چمپئن شپ بھارت نے جیت لی ہے۔ کل ملیشیاء کے کوالالمپور میں کھیلے گئے فائنل میں بھارت نے بنگلہ دیش کی ٹیم کو 41 رنوں سے شکست دے دی۔ بھارت کی ٹیم نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے مقررہ 20 اووَرز میں سات وکٹ کے نقصان پر 117 رن بنائے۔ 118 رنوں کے ہدف کے تعاقب میں بنگلہ دیش کی پوری ٹیم 18 ویں اوور میں 76 رن بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

***** ***** *****

بھارت اور ویسٹ انڈیز کی خواتین کی ٹیموں کے مابین تین ایک روزہ میچوں کی سیریز میں کل وڈودرا میں کھیلے گئے پہلے میچ میں بھارت نے 211 رنوں سے زبردست فتح حاصل کی۔ بھارتی ٹیم کی خواتین نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے مقررہ اووروں میں 314 رن اسکور کیے۔ جواب میں ویسٹ انڈیز کی ٹیم صرف 103 رن ہی بنا سکی۔ اس سیریز کا دوسرا میچ کل وڈودرا میں کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

بھارت آئندہ برس نشانہ بازی کے جونیئر ورلڈ کپ کی میز بانی کرے گا۔ یہ مقابلے بھارتی قومی رائفل فیڈریشن منعقد کرے گا۔ اس میں رائفل' پستول اور شاٹ گن کے زمروں میں مقابلے ہوں گے۔ گذشتہ دہائی میں بھارت میں منعقد ہونے والے یہ نویں بڑے نشانہ بازی مقابلے ہیں۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ سرکاری دفاتر اور محکموں کیلئے منتخب 71 ہزار سے زائد امیدواروں کو آج وزیرِ اعظم کے ہاتھوں تقرر ناموں کی تفویض۔

☆ ملک کے جنگلات اور درختوں کے سایے میں آنے والے رقبے میں ایک ہزار 445 مربع کلومیٹر اضافہ۔

☆ حلقوں میں اہم اسکیموں اور کاموں کا آغاز کرنے کا نو نامزد وزراء کا اپنے رائے دہندگان سے وعدہ۔

☆ بیڑ ضلع میں امن وامان کے مسائل حل کرنے کو فوقیت دی جائیگی: پولس سپرنٹنڈنٹ نونیت کانوت کا عندیہ۔

اور۔۔۔☆ 19 برس سے کم عمر کی لڑکیوں کے ایشیاء کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میں بنگلہ دیش کے خلاف بھارت کی فتح۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****